23 جولائی 2026

# ضمیمہ اے

# مجوزہ سوالات

23 جولائی 2026

# **مجوزہ سوالات**
# **2026 چارٹر ریویژن کمیشن**

**سوال 1**

<u>چارٹر کی مجوزہ ترمیم: عوامی مقامات کے استعمال کے لیے قابلِ منسوخی اجازت کے اجراء کے عمل میں تیزی لائی جائے</u>

عوامی مقامات کو ریمپس، گملوں (پلانٹرز) اور کیفے جیسی سہولیات کے لیے استعمال کرنے کے عمل کو آسان بنایا جائے، جس کے لیے لازمی عوامی سماعت اور فٹ پاتھ پر کیفے کے حوالے سے کونسل کی نامنظوری ختم کی جائے، جبکہ مقامی برادری اور کونسل کی مشاورت اور تجاویز کو برقرار رکھا جائے۔

"ہاں" کے ووٹ سے عوامی مقامات کے استعمال کی اجازت دینے کے عمل میں تیزی آئے گی، جبکہ مقامی برادری کی مشاورت اور تجاویز کو برقرار رکھا جائے گا۔ "نہیں" کے ووٹ سے عوامی مقامات کے استعمال کی اجازت کے لیے لازمی عوامی سماعت اور فٹ پاتھ پر کیفے سے متعلق کونسل کے جائزے پر مشتمل موجودہ، نسبتاً زیادہ طویل عمل برقرار رہے گا۔

**سوال 2**

<u>چارٹر کی مجوزہ ترمیم: شہری ٹھیکیداروں کے پیپر ورک میں کمی کی جائے؛ پروکیورمنٹ پالیسی بورڈ کی باقاعدہ میٹنگ طلب کی جائے</u>

ٹھیکیدار کے سوالنامے کو آسان بنانے کے لیے پروکیورمنٹ پالیسی بورڈ کو اختیار دے کر شہری ٹھیکیداروں کے لیے کاغذی کارروائی کو کم کیا جائے۔ پروکیورمنٹ پالیسی بورڈ کی سہ ماہی میٹنگ طلب کی جائے۔ مطلوبہ کلائنٹ سروسز کی رپورٹ کے لیے لازمی سماعت کی شرط ختم کی جائے۔

"ہاں" کے ووٹ سے ٹھیکیداروں کے سوالنامے کو آسان بنانے سمیت پروکیورمنٹ پالیسی بورڈ کے اختیارات میں ترمیم ہو گی، نیز میئر کو بعض ٹھیکوں کی منظوری کے اختیارات تفویض کرنے کی اجازت دی جائے گی۔ "نہیں" کے ووٹ سے موجودہ قوانین حسب سابق برقرار رہیں گے، جبکہ میئر اور کمپٹرولر کی جانب سے موجودہ، نسبتاً طویل سوالنامہ برقرار رہے گا۔

23 جولائی 2026

**سوال 3**

چارٹر کی مجوزہ ترمیم: اسٹریٹ سیفٹی کے منصوبوں، غیر استعمال شدہ شہری املاک کے تصرف اور آفس لیزنگ میں تیزی لائی جائے

تعمیراتی ٹائم لائن کو کم کرنے کے لیے اسٹریٹ سیفٹی کے منصوبوں کے جائزے کو آسان بنائیں۔ سٹی پلاننگ کمیشن کی منظوری سے غیر استعمال شدہ شہری املاک کا فاسٹ ٹریک ڈسپوزیشن کریں۔ سٹی ورک فورس کے لیے استعمال کیے جانے والے دفاتر کے لیز میں تیزی لائیں۔

"ہاں" کے ووٹ سے اسٹریٹ پروجیکٹ کی منظوری، سٹی پراپرٹی کے تصرف اور آفس لیزنگ کو آسان بنایا جائے گا۔ "نہیں" کے ووٹ سے سڑکوں کے منصوبوں کے لیے ادارہ جاتی مشاورت، شہری املاک کے تصرف کے لیے کونسل کی منظوری درکار ہوگی، اور دفتری جگہوں کے لیز معاہدے کے لیے کونسل کی عدم منظوری کا اختیار برقرار رہے گا۔

**سوال 4**

چارٹر کی مجوزہ ترمیم: بلڈنگ پرمٹ کے اجراء کو آسان بنایا جائے اور واٹر فرنٹ پرمٹ جاری کرنے کا اختیار محکمہ تعمیرات کو منتقل کیا جائے

بلڈنگ اجازت دینے کو آسان بنانے کے لیے مرکزی تعمیراتی پرمٹ کا مرکز بنائیں۔ واٹر فرنٹ کی پرمٹنگ کا اختیار ڈپارٹمنٹ آف سمال بزنس سروسز سے محکمہ تعمیرات کو منتقل کریں۔ محکمہ تعمیرات کے اضافی عہدیداروں کے ذریعہ تعمیراتی منظوری کی اجازت دی جائے۔

"ہاں" کے ووٹ سے پرمٹ جاری کرنے کے عمل کو آسان بنایا جائے گا، جس کے کے لیے مرکزی پرمٹ مرکز قائم کیا جائے گا، واٹر فرنٹ سے متعلق پرمٹ کا اختیار محکمۂ تعمیرات کو منتقل کیا جائے گا، اور محکمۂ تعمیرات کے اضافی افسران کو منظوری جاری کرنے کا اختیار دیا جائے گا۔ "نہیں" کے ووٹ سے موجودہ قوانین میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

**سوال 5**

چارٹر کی مجوزہ ترمیم: وافر بجٹ ذخائر کو یقینی بنانے کے لیے "رینی ڈے فنڈ" میں رقم مختص کرنے کے اہداف مقرر کیے جائیں

مستقبل کے برسوں میں غیر متوقع مالی مشکلات سے نمٹنے کے لیے ریزرو فنڈز، بشمول رینی ڈے فنڈ میں رکھی جانے والی رقم کے ہدف کی رقم کا تعین کیا جائے اور شراکت کی رقوم کا حساب لگانے کا طریقۂ کار تیار کرنے کو لازمی قرار دیا جائے۔

"ہاں" کے ووٹ سے میئر کو رینی ڈے فنڈ میں جمع کرائی جانے والی رقوم کا حساب لگانے کے لیے طریقۂ کار تیار کرنا لازم ہوگا، جبکہ ان رقوم کی وصولی شہر کے بجٹ میں منظوری سے مشروط ہوگی۔ "نہیں" کے ووٹ سے موجودہ قوانین میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی اور ریزرو فنڈ کے لیے کوئی ہدف مقرر نہیں کیا جائے گا۔